کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ

نیلامی پٹہ برائے تین سال 16 ایکڑ زرعی اراضی اوکاڑہ چھاؤنی۔

ہر خاص و عام کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی 16 ایکڑ زرعی اراضی اوکاڑہ کینٹ مورخہ 11 دوبارہ 12 سہ بارہ مورخہ 13 جون 2024 کو عرصہ 03 سال مورخہ 01 جولائی، 2024 تا 30 جون، 2027 کے لیے برائے کاشتکاری حقوق کا نیلام عام کرنے جا رہا ہے۔

شرائط:۔

1	ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 150000 (ایک لاکھ پچاس ہزار روپے) بنک پے آرڈر ہمراہ مصدقہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کروانا ہوگا۔
2	دوسرے سال پہلے سال کے پٹے کی کل رقم پر 10٪ اور تیسرے سال بھی کل رقم پر 10٪ سالانہ اضافہ ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس ہر سال ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔
3	بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی ماندہ افراد کو زر بیعانہ موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔
4	بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 4/1 حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ 4/1 حصہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی جمع رہے گا۔ جو کہ پٹہ کی معیاد ختم ہونے کے دو ماہ بعد واپس کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کو مذکورہ اراضی کا قبضہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔
5	منظوری کے بعد قبضہ نہ لینے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا جمع شدہ 4/1 حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی ضبط کر لیا جائے گا۔
6	پٹہ دار منظوری کے فوراً بعد قبضہ لینے سے پہلے مذکورہ اراضی کا ایک سال کا ایڈوانس ٹھیکہ / پٹہ اور باقی دو سال کے ایڈوانس چیک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی پر کنٹونمنٹ بورڈ 7 یوم کا نوٹس دیکر پٹہ دار / کامیاب بولی دہندہ کا 4/1 حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لے گا اور مذکورہ اراضی کی دوبارہ بولی کرائی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کے بعد اور قبضہ لینے سے پہلے 7 دنوں کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے ہی خرچہ پر تحریری معاہدہ / ایگریمنٹ شیڈول (XIV of CLA Rules, 1937) کے تحت کرنا ہوگا۔
7	کامیاب بولی دہندہ / پٹہ دار کنٹونمنٹ بورڈ کی منظوری کے بغیر مذکورہ اراضی میں کسی قسم کی عارضی یا مستقل تعمیر نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی اجازت کے بغیر مویشی رکھ سکے گا۔ پٹہ دار مذکورہ اراضی کا کچھ حصہ یا پورا رقبہ اپنی مرضی سے کسی دوسرے شخص کو نہیں دے سکے گا۔
8	پٹہ دار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس، ملتان ریجن ملتان کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث (Arbitrator) ثالثی فیصلہ کریں گے۔ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔
9	زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ کسی بھی بولی کو حتمی منظوری سے پہلے مسترد کر دے۔ نیلامی پر PPRA رولز لاگو ہوں گے۔
10	پٹہ دار کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے عائد کردہ دیگر تمام شرائط کا پابند ہوگا نیز تفصیلی شرائط دفتر ہذا سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

Cantonment Executive Officer
Okara Cantt